590 ـ ادائیگی میں تاخیر کے وقت رقم زیادہ کرنا

سوال

میرا سوال ٹیلی فون کے بل یا یونیورسٹی کی فیس کی ادائیگی کے متعلق ہے، جب بل کی ادائیگی میں تاخیر ہو جائے تو بل کی قیمت میں ایك محدود نسبت زیادہ کر دی جاتی ہے، اور جب ایك ماہ اور تاخیر ہو جائے تو یہی نسبت ایك بار اور زیادہ ہو جاتی ہے (بل کی ٹوٹل رقم سے موازنہ کرتے ہوئے) کیا یہ اضافی رقم سود ہے؟ اور اگر ایسا نہیں تو کیا یہ اضافی رقم ادا کرنا حرام ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

جی ہاں یہ اضافی رقم بلاشك و شبہ سود ہے، اور جب بھی انہوں نے آپ کو ادائیگی میں مہلت دی وہ رقم میں اضافہ کریں گے، لہذا آپ پر واجب اور ضروری ہے کہ اس معاملہ سے باز رہیں، اور اگر آپ کو اس پر اکسایا جائے تو آپ بغیر کسی اضافی رقم کے اصل رقم ادا کریں، اور اگر آپ کو اضافی رقم کی ادائیگی پر مجبور کیا جائے تو اللہ تعالی کے سامنے توبہ کرتے ہوئے اس کی ادائیگی کردیں، اور دوبارہ ایسا کام نہ کریں کہ اس طرح کا کام دوبارہ کرنا پڑے.

واللہ اعلم .